
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 19اگست 2025

# پاکستان میں عوام کی اپنے معاشی حالات کے حوالےسے رائے:تقریباً نصف (49% ) پاکستانی خود کو غریب سمجھتے ہیں، 46% کے مطابق وہ مڈل کلاس (یعنی درمیانے طبقے )سے تعلق رکھتے ہیں، جبکہ صرف 4% پاکستانی خود کو امیر تصور کرتے ہیں۔




معلوم نہیں/جواب نہیں دیا :1%

بعض لوگوں کے خیال میں وہ غریب طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ بعض لوگ کے مطابق وہ مڈل کلاس جبکہ بعض لوگ خود کو امیر سمجھتے ہیں۔برائے مہربانی بتائیں کہ آپ خود کو کیسے بیان کریں گے ؟



Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

**عمومی**

ذاتی معیشت

## پاکستان میں عوام کی اپنے معاشی حالات کے حوالے سے رائے: تقریباً نصف (49%) پاکستانی خود کو غریب سمجھتے ہیں، 46% کے مطابق وہ مڈل کلاس (یعنی درمیانے طبقے) سے تعلق رکھتے ہیں، جبکہ صرف 4% پاکستانی خود کو امیر تصور کرتے ہیں۔

(گیلپ&گیلانی سروے)

(اسلام آباد، 19اگست 2025)


گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً نصف (49%) پاکستانی خود کو غریب سمجھتے ہیں، 46% کے مطابق وہ مڈل کلاس سے تعلق رکھتے ہیں، جبکہ صرف 4% پاکستانی خود کو امیر تصور کرتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **" بعض لوگوں کے خیال میں وہ غریب طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ بعض لوگ کے مطابق وہ مڈل کلاس جبکہ بعض لوگ خود کو امیر سمجھتے ہیں۔برائے مہربانی بتائیں کہ آپ خود کو کیسے بیان کریں گے ؟"**۔اس سوال کے جواب میں 4% جوابدہندگان کے مطابق وہ خود کو 'امیر' سمجھتے ہیں، 46% جوابدہندگان کے مطابق وہ خود کو 'مڈل کلاس' سمجھتے ہیں، جبکہ 49% جوابدہندگان کے مطابق وہ خود کو 'غریب' سمجھتے ہیں، تاہم 1% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

سروے کے نتائج سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وسیع پیمانے پر عوام اپنے معاشی حالات کے حوالے سے خود کو غریب سمجھتے ہیں، یہ اعداد و شمار غربت کے حقیقی اندازوں کے قریب ترین ہے۔ورلڈ بینک کے نتائج کے مطابق پاکستان کی 44.7% آبادی بین الاقوامی غربت کی لکیر (یعنی 4.20امریکی ڈالر روزانہ) سے نیچے زندگی بسر کر رہی ہے۔

خود کو غریب سمجھنے والے افراد (49%) اور اصل میں غربت طبقے میں شمار ہونے والے افراد (44.7%) کی تعداد تقریباً ایک جیسی ہے جو یہ ثابت کرتی ہے کہ عوامی رائے حقیقت کے کافی قریب ہے۔ملک کی تقریباً نصف آبادی خود کو غریب سمجھتی ہے، جبکہ ایک بڑی تعداد خود کو مڈل کلاس یعنی (درمیانے طبقے) سے تعلق رکھنے والا کہتی ہے، یہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ لوگ مالی مشکلات کا شکار تو ہیں، مگر بہتر زندگی کی اُمید بھی رکھتے ہیں۔ صرف 4%افراد خود کو امیر سمجھتے ہیں، جو اس بات کو ظاہر کرتا ہے کہ دولت بہت کم لوگوں کے پاس محدود ہے۔ جو ویلتھ ڈسٹر بیوشن (wealth distribution) اور HIES کے اعداد و شمار سے بھی ثابت ہے اور یہ ظاہر کرتی ہے کہ لوگ اپنی مالی حالت کو لے کر اب بھی بہت غیر مساوی صورتحال میں ہیں۔

**" بعض لوگوں کے خیال میں وہ غریب طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ بعض لوگ کے مطابق وہ مڈل کلاس جبکہ بعض لوگ خود کو امیر سمجھتے ہیں۔برائے مہربانی بتائیں کہ آپ خود کو کیسے بیان کریں گے ؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 1709 خواتین اور مرد حضرات سے 07 مارچ تا 23 مارچ 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

*Opinion Poll* ***from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 19th August 2025**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* **Gallup Pakistan** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan
(1980-2025)